
# زندگی ہماری اقدار کے مطابق

## اہم چیز کی حفاظت

IRON MOUNTAIN®

# ضابطہ اخلاق اور کاروباری طریقہ کار





هم اپنے اقدار کے مطابق چلتے ہیں
ہر روز، ہر جگہ پر
ہم کام کرتے ہیں۔

-بل مینے، سی ای او

## بل مینے ، سی ای او، کی جانب سے پیغام

ساتھی ماؤنٹئیرز ،

اعتماد۔ اس کو بنانا بہت مشکل اور توڑنا بالکل آسان ہے۔ لگ بھگ گزشتہ سات دہائیوں سے ہمارے صارفین، سپلائرز اور شراکتداروں کا ہم پر جو اعتماد ہے اس کا سبب ہماری اقدار اور ان کی پاسداری ہے۔ ہماری اقدار ہمارے رویوں کے لیے مسلسل مہمیز کا کام کرتی ہیں اور ان سے ہمارے سب سے اہم معیارات کی بھی نمائندگی ہوتی ہے۔

**دیانتداری سے عمل کریں ، اپنا تحفظ کریں، صارف کی قدر میں اضافہ کریں، چیزوں کو اپنا سمجھیں** اور **سب کو شامل کرنے کو فروغ دیں۔ اور ٹیم ورک۔**

یہ ضابطہ بتاتا ہے کہ ہم ان اقدار کا اطلاق کس طرح کرتے ہیں۔

اس سے ہمیں اعتماد حاصل ہوتا ہے ، بالخصوص قانونی اور اخلاقی فیصلے کرتے ہوئے۔ اس سے ہمیں اپنے کاروبار کو متاثر کرنے والے قوانین، قواعد اور اصول و ضوابط کی تعمیل میں معاونت ملتی ہے۔ اس سے ہمیں کٹھن حالات میں بھی چیزوں کے انتخاب میں رہنمائی ملتی ہے۔

اس دستاویز کو مکمل طور پر پڑھیں، تاکہ جب آپ کا م پر آئیں اور بطور ماؤنٹئیر کاروبار حاصل کریں تو آپ ہماری پالیسیوں اور اقدار کو سمجھ پائیں اور ان پر عمل کرپائیں۔

یاد رکھیں، اعتماد آپ سے شروع ہوتا ہے۔ بولیں!

ضابطہ اور جن چیزوں کی یہ نمائندگی کرتا ہے ان سے ہمیں کبھی بھی مطمئن نہیں ہونا چاہیئے۔ لہٰذا اگر آپ سمجھتے ہیں کوئی ہمارے ضابطے یا اقدار کے مطابق عمل نہیں کررہا ہے تو کسی کو بتائیں۔ اور یہ کہ اگر کوئی اپنے خدشات کا اظہار کرتا ہے تو اس کے خلاف ہم کبھی بھی انتقامی کاروائی برداشت نہیں کرتے۔

ہماری کامیابی اور ہماری ساکھ کا دارومدار ہمارے ضابطہ پر عملدرآمد میں ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز اور ہماری اگزیکٹو لیڈر شپ کی جانب سے میں ہماری اقدار کے مطابق چلنے اور اہم چیز کو تحفظ فراہم کرنے پر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

آپ کا ممنون،



بل مینے

# مواد


بل مینے کی جانب سے پیغام
ہماری اقدار

10 ہماری اقدار کے مطابق چلنا، اہم چیز کی حفاظت
بولنا!
ضابطے کے تحت ہماری ذمہ داریاں

18 دیانداری سے عمل کرنا
سختی سے تاہم انصاف سے مقابلہ کرنا
مقابلے بازی کی خفیہ معلومات کا جمع کرنا
مفادات کے ٹکراؤ سے بچنا
درست ریکارڈ کی دیکھ بھال کرنا اور اس کو افشا کرنا
بین الاقوامی پابندیوں اور تجارتی ضوابط کے مطابق عملدرآمد
رشوت ستانی اور بدعنوانی کی روک تھام
مناسب انداز میں تحائف اور میزبانی کا تبادلہ

36 ہماری ٹیموں کو خودمختاری دینا
ساتھی ماؤنٹنیرز کو عزت اور تحفظ دینا
شمولیت اور تنوع کی قدر کرنا
24/7 زندگی کی حفاظت
ٹیکنالوجی اور انفارمیشن سسٹمز کا محفوظ اور ذمہ دارانہ استعما ل
اپنی صیغہ راز میں معلومات اور دانشورانہ املاک کا تحفظ کرنا
ہمارےقیمتی ترین اثاثوں کو تحفظ فراہم کرنا
سماجی میڈیا کا مؤثر اور ذمہ دارانہ استعمال
دیانتداری سے خرید وفروخت اور مارکٹنگ

56 صارفین اور کمیونٹیزکے ساتھ اعتماد پیدا کرنا
رازداری کی پاسداری کرنا
ماحول کا تحفظ اور ہماری کمیونٹیز میں اپنا کردار ادا کرنا
انسانی حقوق کی پاسداری کرنا اور جدید غلامی کی روک تھام
درست شراکتداروں کا انتخاب کرنا
ہماری برانڈ اور ساکھ کا تحفظ کرنا
کام کی جگہ کے اندر اور باہر کی سیاست
اندرونی تجارت کی ممانعت

74 دی IRON MOUNTAIN ایتھکس لائن
دیIron Mountain ایتھکس لائن

# ہماری اقدار

بتاتی ہیں کہ ہم کون ہیں ۔ یہ بطور ماؤنٹینرز ہمارے عمل کی رہنمائی کرتی ہیں

# ہماری ساکھ

ایک اخلاقی کمپنی ہونے کے باعث ہمیں بہترین لوگوں کو اجرت پر رکھنے اور ان کو بہتربنانے، ہمارے شراکتداروں کا اعتمادحاصل کرنے اور نئی منڈیوں کے دروازے کھولنے میں ہمیں مدد ملتی ہے۔

بطور ماؤنٹینرز ہمیں جن مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے ضابطہ میں ان میں سے کئی کو حل کرتا ہے، تاہم کوئی بھی دستاویزہمہ جہت نہیں ہو سکتی۔ اگر مطلوبہ جواب ضابطہ میں موجود نہ ہویا پھرآپ کو ضابطہ میں موجود موضوع کے بارے میں اضافی معلومات درکار ہوں تو آپ یہ کرسکتے ہیں:

- اپنے مینجرسے بات کریں
- متعلقہ پالیسیوں کا جائزہ لیں
- گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس ٹیم سے رابطہ کریں



### دیانداری سے عمل

ہم شفاف اور دیانتدار ہیں اور ہمارا ہر دن اپنی شاندار اقدار کے مطابق گزرتا ہے۔

### اپنا تحفظ اور حفاظت

ہم خود کو اور دوسروں کو نقصان پہنچانے سے بچاتے ہیں، اور اپنے صارفین کے اثاثوں کی حفاظت اس طرح کرتے ہیں کہ گویا وہ ہمارے اپنے اثاثے ہوں۔

### صارف کی قدر بنانا

ہم مستقل طور پر اپنے صارفین کی بہتر خدمت اور ان کے کاروبار میں بہتری لانے کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔

### مالک بنتے ہیں

ہم اپنی ٹیم، اپنے صارفین اور اپنی کمپنی کی کامیابی کی ذمہ داری ذاتی طور پر قبول کرتے ہیں۔

### شمولیت اور ٹیم ورک کو فروغ دیتے ہیں

بہتر نتائج کے حصول کے لیے ہم ایک دوسرے کے انوکھے خیالات اور تناظر کوتلاش کرتے ہیں اور ان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

# ہماری اقدار کے مطابق چلنا

# جس کی اہمیت ہے اس کو تحفظ فراہم کرنا





# IRON MOUNTAIN
# ہر ایک کو بولنے کا حق ہے


14 بولنا!

16 ضابطے کے تحت ہماری نمہ داریاں

# تَکَلَّم!

کسی مخصوص صورتحال کے حوالے سے اگر آپ غیریقینی کا شکار ہیں یا آپ سمجھتے ہیں کہ کوئی کچھ غلط کررہا ہے، تو بطور ایک ماؤنٹنیر یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ بولیں۔

خدشات کااظہار کرنے سے ، کمپنی مسئلہ کی تفتیش کرکے اس کو حل کرتی ہے تاکہ دوبارہ ایسا نہ ہو۔

## ایتھکس لائن کیا ہے؟


دی Iron Mountain کی ایتھکس لائن آپ کو پراعتماد انداز میں اور (جہاں ایسا کرنا قانونی طور پر درست ہو) گمنامی میں اپنے خدشات کا اظہار کرنے دیتی ہے۔ اطلاعات ایک آزادانہ کمپنی کی جانب سے وصول کی جاتی ہیں اور اس کے بعد جائزے، تفتیش اور مناسب اقدام کے لیے ان کو Iron Mountain کی جانب بھیج دیا جاتاہے۔

ایتھکس لائن ہر وقت دستیاب ہوتی ہے۔ وزٹ کریں**www.IMEthicsLine.com** یا پھر اپنا مقامی فون نمبر معلوم کرنےکے لیے ضابطہ کی پچھلی جانب دیکھیں۔

**آپ ان کی جانب بھی جاسکتے ہیں:**

- آپ کا مینجر یا سپروائیزر
- ہیومن ریسورس
- گلوبل پرائویسی اینڈ کمپلائنس
- گلوبل سیفٹی، رسک ، اینڈ سکیورٹی
- Iron Mountain جنرل کونسل





## جب آپ بدانتظامی کی اطلاع دیتے ہیں تو اس کے بعد کیا ہوتاہے؟

بدانتظامی کی تمام اطلاعات کی فوری طور پر مکمل اور معروضی انداز میں تفتیش کی جاتی ہے ۔ آپ کی جانب سے فراہم کردہ اطلاع کو ممکنہ حد تک مکمل طورپر صیغہ راز میں رکھاجاتاہے۔

اگر تفتیش میں ممکنہ طور پر مجرمانہ سرگرمی پائی گئی تو ایسی صورت میں ہم تمام متعلقہ قانون نافذکرنے والے اداروں کو شامل کریں گے اور قانونی کاروائی کی مکمل حمایت کریں گے۔

ایک مرتبہ جب تفتیش مکمل ہوجائے گی تو ہم مناسب تادیبی کاروائی عمل میں لائیں گےاور اس بات کی یقین دہانی کے لیے کہ آئندہ ایسا نہ ہو ہم ضروری تبدیلیاں بھی کریں گے۔ ہم آپ کی اطلاع کے نتیجے کے بارے میں بھی آپ کو آگاہی فراہم کریں گے۔

## Iron Mountain میں بولنا محفوظ ہے

Iron Mountain میں انتقام لینے کو برداشت نہیں کیاجاتا۔ یہ بدانتظامی کی سب سے خراب صورت ہوتی ہے۔

**انتقامی کاروائی مختلف صورتوں میں ہوسکتی ہے، بشمول:**

- ہراساں کیاجانا یا دھمکانا
- تنزلی یا برخاستگی
- اووَر ٹائم کے گھنٹوں یا مواقعوں میں کمی
- بے جا طور پر کارکردگی کے منفی جائزے دینا
- انتظامیہ کی جانب سے کمزور کیا جانا یا ساتھ کام کرنے والے ساتھیوں کی جانب سے احتراز


اچھی نیت سے اپنے خدشے کا اظہار کرنے والے کے خلاف اگر کسی بھی قسم انتقام لیا گیا تو اس کے سنگین نتائج نکل سکتے ہیں، جس میں ملازمت کا ختم ہونا بھی شامل ہے۔

کمپنی انتقامی کاروائی کی نگرانی کرے گی اور اس کی روک تھام کی بھی کوشش کرے گی، تاہم یاد رکھیں یہ ہر ماؤنٹینر کی ذمہ داری ہے کہ اگر وہ اس طرح کا رویہ دیکھے تو اس کے بارے میں مطلع کرے۔

# ضابطے کے تحت ہماری ذمہ داریاں

## ضابطے پر عمل کرنا کس کے لیے لازمی ہے؟

Iron Mountain کی جانب سے کاروبار کرنے والے ہر فرد بشمول ملازمین، افسران، ایجنٹس اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ارکان کے لیے ضابطے پر عمل کرنا لازمی ہے۔ Iron Mountain کے تمام کاروباری یونٹس، قانونی اداروں، کنٹرول جوائنٹ وینچرز ،دنیا بھر میں ملحقین اور شراکتداروں پر ضابطے کا اطلاق ہوتاہے۔ کسی کو استثنیٰ حاصل نہیں ہے۔ ایسی صورتحال جس میں پالیسی یا مقامی معیار ضابطے سے مختلف ہوں، وہاں سخت معیار کا اطلاق ہوتا ہے۔






ہمارے ساتھ کام کرنے والے کاروباری شراکتدار یا پھر ہماری جانب سے کام کرنے والے سپلائرز، فروخت کنندہ، کانٹریکٹرز، کنسلٹنٹ، عارضی عملہ، ناگہانی صورت میں کا م کرنے والے کارکنان اور دیگر کے لیے ہمارے سپلائر کے ضابطہ اخلاق میں موجود اصولوں کی پاسداری کرنا لازمی ہے اور ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ کاروبار کے طریقہ کار کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھیں۔

## ہماری کمپنی میں ہر سطح پر موجود تمام ماؤنٹنیرز کی یہ ذمہ داری ہے کہ:

- **ہماری** اقدار کے مطابق عمل کریں
- **ہمارے** ضابطے، پالیسیوں، طریقہ کار اور قانون کی پاسداری کریں
- **اگر آپ** بدانتظامی دیکھیں تو بولیں
- **تعمیل** کی اپنی تربیت وقت پر مکمل کریں
- **جب** ہم بدانتظامی کی تفتیش کریں تو ہماری مدد کریں
- **جب** آپ کو معلوم نہ ہو کہ کیا کرنا ہے تو پوچھیں

## مینجرز اور رہنماؤں پر اضافی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں کہ :

- **ٹیم میٹنگز** اور لوگوں کی کارکردگی کے جائزے کے دوران ضابطے اور ہماری اقدار کے بارے میں بات چیت کریں
- **اخلاقی** لیڈرشپ کے اقدامات پر انعام
- **اپنی** ٹیمز سے اس بارے میں بات کریں کہ اس طرح کے اقدامات کس طرح ہماری کامیابی سے جڑے ہوئے ہیں۔
- **سوالات** پوچھنے اور خدشات کا اظہار کرنے کے حوالے سے لوگوں کو پرسکون محسوس کروائیں
- **لوگوں** کی ان طریقوں کی جانب نشاندہی کریں جن کے ذریعے وہ بدانتظامی کی اطلاع دے سکتے ہیں
- **تاکید کریں** کہ ہم انتقامی کاروائی کو برداشت نہیں کریں گے
- **اس بات کی یقین دہانی** کریں کہ ہمارے شراکتدار (جیساکہ کنسلٹنٹ یا عارضی کام کرنے والے) ہماری اقدار کے مطابق عمل کریں

## باز نامے

غیرمعمولی صورتحال میں ہماری جنرل کونسل کی جانب سے ایک بازنامہ بھی دیا جاسکتاہے۔ اس طرح کے بازناموں پر ہماری اقدار کی روشنی میں پوری احتیاط سے غورکیاجائے گا اور قانونی تقاضوں کے مطابق ان کو افشا کیا جائے گا۔

# دیانتداری سے عمل کرنا





# IRON MOUNTAIN
# اپنی اہلیت کی بنیاد پر جیت حاصل کرتا ہے


22 سختی سے تاہم انصاف سے مقابلہ کرنا

24 مقابلے بازی کی خفیہ معلومات کا جمع کرنا

26 مفادات کے ٹکراؤ سے بچنا

28 درست ریکارڈ کی دیکھبھال کرنا اور اس کو افشا کرنا

30 بین الاقوامی پابندیوں اور تجارتی ضوابط کے مطابق عملدر آمد

32 رشوت ستانی اور بدعنوانی کی روک تھام

34 مناسب انداز میں تحائف اور میزبانی کا تبادلہ

# شدید لیکن مبنی بر
# انصاف مقابلہ

Iron Mountain کا ماننا ہے کہ آزادانہ اور مقابلہ بازی والی منڈی میں ہی ہمیں بہترین کامیابی کا موقع ملتا ہے۔ ہم اس بات کے قائل ہیں کہ مقابلہ بازی کے ہمارے طریقہ کار میں ناانصافی یا دھوکہ دہی کا محض دکھاوا ہی ہماری کامیابی کے امکانات میں براہِ راست رکاوٹ ہوتا ہے۔ قدر کی فراہمی اور اعلیٰ معیار کی خدمت کی فراہمی کے ذریعے ، ہم مقابلہ بازی میں بہترکارکردگی کا مظاہر کرتے اور اپنے صارفین کے ساتھ طویل مدتی اعتماد کوپیدا کرتے ہیں۔





## هم کس طرح جوابدہ ہیں

**انصاف پر مبنی مقابلہ بازی کے قوانین ہر ملک میں الگ الگ ہیں، تاہم یہ اصول یکساں ہیں:**

- مقابلہ کرنے والے سے رسمی یا غیررسمی معاہدے کرنے سے پرہیز کریں کہ:
  - خدمت کے لیے کوئی مخصوص قیمت وصول کرنا (قیمت مقرر کرنا)
  - بولی کے عمل میں ساز باز کرنا (بولی میں دھاندلی کرنا)
  - جغرافیائی طور پر یا پھر صارف کے لحاظ سے منڈیوں کی تقسیم (منڈی کا بٹوارہ)
- ہمارے حریفوں یا ان کی خدمات کو برابھلا کہنے سے پرہیز کریں
- خودہماری اپنی خدمات کے بارے میں دیانتدارانہ، درست اور مبالغے کے بغیر دعوے کریں
- ہمارے صارفین کے موجودہ کاروباری روابط میں بے جامداخلت کرنے سے ہمیشہ پرہیز کریں

**اگر حریف نامناسب انداز میں انتظامات کے حوالے سے بات چیت کرے تو ایسی صورت میں کیا کیا جائے۔**

– **بولیں۔** اپنے خدشے کا اظہار کریں اور کہیں کہ اس موضوع پر بات چیت کو ختم کیا جائے۔
– **اگر گفتگو جاری رہے تو وہ جگہ چھوڑ کرچلے جائیں یا فون بند کردیں۔** میٹنگ کی جگہ سے چلے جائیں یا فوری طور پر کال منقطع کردیں۔
– **اپنے اعتراض کو ریکارڈ کروائیں اور نکل جائیں۔** اپنے لیے ایک نوٹ بنائیں۔ اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ کال یا میٹنگ میں آپ کے چلے جانے کی عکاسی ہو۔
– **گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس تک لے کر جائیں۔** فوری طور پر اپنے سپروائیزر اور گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس ٹیم کے رکن کو مطلع کریں۔

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ نے انسدادِاجارہ داری یا پھر مقابلہ بازی کے مسائل کے بارے میں سوالات کرنے ہیں تو اپنے مینجر یا دی گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس ٹیم سے بات کریں اورعالمی انسدادِاجارہ داری اور دیانتدارانہ مقابلہ بازی کی پالیسی کا جائزہ لیں۔ اس کے علاوہ ضابطہ کے مندرجہ ذیل سیکشز کو بھی دیکھیں: ’’ مقابلے بازی کی خفیہ معلومات کا جمع کرنا‘‘ اور ’’ دیانتداری سے خریدوفروخت کرتے اور مارکٹنگ کرتے ہوئے‘‘

# مقابلہ بازی کی خفیہ معلومات کا جمع کرنا

صنعتی پیش رفت کی نگرانی کرنے اور مقابلہ بازی کی فضا کو سمجھنےسے ہمیں حل بہتربنانے اور زیادہ مؤثر انداز میں مقابلہ کرنے میں مدد ملتی ہے۔ تاہم مقابلہ بازی کی کسی بھی قسم کی معلومات اتنی اہم نہیں ہے کہ اس کے لیےIron Mountain کی ساکھ یا پھر **دیانتداری سے کام کرنے کے ہمارے عزم کو داؤ پر لگایا جائے۔**


## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

مقابلہ بازی کی فضا کے بارے میں معلومات کوجمع کرتے ہوئے، حاصل کرتے ہوئے اور استعمال کرتے ہوئے ہم انتہائی احتیاط اور دیانتداری سے کام لیتے ہیں۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

– ہم معلومات کے حصول کے لیے صرف مناسب ذرائع پر انحصار کرتے ہیں (نیچے چارٹ ملاحظہ فرمائیں)
– ہم کبھی بھی اپنی شناخت اور اپنے آجر کی غلط نمائندگی نہیں کرتے
– خفیہ معلومات کے حصول کے لیے حریف کے ملازمین کو اپنے ہاں ملازمت پر نہیں رکھتے اور نہ ہی ان ملازمین کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ ہمارے پاس آنے کے بعد ہمیں خفیہ معلومات فراہم کریں
– ہمیشہ معاہدے کے مطابق عمل کرتے ہیں اور تمام کنسلٹنٹس اور ایجنٹس کو ہدایت کرتے ہیں کہ وہ بھی Iron Mountain کے معیار اور پالیسیوں پر عمل کریں۔





''ہم کسی دوسرے کے ذریعے غیراخلاقی یا غیرقانونی طور پر مسابقتی خفیہ معلومات جمع کرنے کی ذمہ داری نہیں لے سکتے۔''

**Iron Mountain کے**
**مقابلہ بازی کی خفیہ معلومات کے رہنمااصول**

## مسابقتی معلومات کے حصول کے لیے ''مناسب ذرائع'' یہ ہوسکتے ہیں:

- سرکاری ویب سائیٹس اور سماجی میڈیا
- خبروں والے مضامین اور انٹرویوز
- عام لوگوں کے لیے مالیاتی رپورٹیں یا فائلنگز
- صارفین کا فیڈ بیک
- آن لائن رویوز
- صنعتی اور تجارتی جرنلز
- تجارتی شوز اور کانفرنسز میں معلومات کی تقسیم
- سرکاری ریکارڈ

## اگر آپ کو مندرجہ ذیل میں سے کسی کا سامنا ہوتو گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس سے رابطہ کریں:

- آپ کو کوئی ایسا دستاویز ، مثلاً ای میل وغیرہ ''مل گیا'' ہےکہ جو Iron Mountain کو بھیجا گیا تھا۔
- کسی بھی ذرائع سے حریف کے صیغہ راز میں رکھے گئے دستاویزات ، بشمول:
  • کانٹریکٹس یا قیمتوں کے شیڈیول
  • حکمتِ عملی کے دستاویزات
  • دیگر صارفین کے لیے بولیاں یا تجاویز
  • کوئی بھی ایسا دستاویز جس پر ''خفیہ''، '' صیغۂ راز'' یا '' حقِ مِلکیت'' جیسے لیبل لگے ہوں۔
- ڈیٹا کی خلاف ورزی یا پھر کسی دوسری مجرمانہ سرگرمی کے ذریعے جاری شدہ معلومات

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ نے مناسب انداز میں مسابقتی معلومات جمع کرنے یا استعمال کرنے کے حوالے سے کوئی سوال پوچھنا ہے تو اپنے مینجر سے بات کریں اور ہماری عالمی انسدادِاجارہ داری اور دیانتدارانہ مقابلہ بازی کی پالیسی کا جائزہ لیں۔

# مفادات کے ٹکراؤ سے بچنا

سب کی **شمولیت اور ٹیم کے کام کو فروغ** دینے کے لیے یہ ہر ماؤنٹنیرز کی ذمہ داری ہے کہ وہ کاروباری فیصلوں میں ذاتی مفادات اور تعلقات کو دور رکھے۔ حتیٰ کہ محض مفادات کے ٹکراؤ نظر آنے سے بھی ہماری دیانتداری مشکوک ہوسکتی ہے، ہماری ٹیمز کو نقصان پہنچاسکتی ہے اور اس سے وعدوں کے مطابق ہماری خدمت کی فراہمی میں بھی رکاوٹ پیدا ہوسکتی ہے۔

یہ وجہ ہے کہ ہم ایسی صورتحال جو ہماری سمجھنے کی صلاحیت کو دھندلا دے یا اس طرح سے اقدام (Iron Mountain) کروائے جو آئرن ماؤنٹین کے بہترین مفاد میں نہ ہو اس سے بچتے ہیں یا اس کو ظاہر کر دیتے ہیں۔





## هم کس طرح جوابدہ ہیں

جب ہم پیشہ ورانہ حیثیت میں کوئی کام انجام دے رہے ہوتے ہیں تو ہماری وفاداری کمپنی کے ساتھ ہوتی ہے۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم:**

- خبردار رہتے ہیں اورمتنازع صورتحال سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں
- ہماری پالیسی کے تحت فوری طور پر تمام تنازعات (چاہے حقیقی یا امکانی) کو ظاہر کردیتے ہیں
- اگر تنازعات سے بچا جاسکتا ہے تو ان کے اثر کو کم کرنے کے لیے اقدامات اٹھاتے ہیں

## مفادات کا ٹکراؤ کئی صورتوں میں ہوسکتاہے-

**اور ہماری مفادات کے ٹکراؤ کی پالیسی میں بتایا گیا ہے کہ مندرجہ ذیل میدانوں میں اس سے کس طرح نپٹنا ہے**

1. ملازمت سے باہر حریف کے پاس کام کرنا یا پھر وقت کی کوئی ایسی پابندی جس کے باعث Iron Mountain میں آپ کے کام کرنے کی صلاحیت میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو
2. ایک ہی رپورٹنگ لائن یا پھر ہمارے کسی کاروباری شراکتدار کے ساتھ ملازمین کے درمیان ذاتی تعلقات
3. Iron Mountain کے ساتھ کاروبار کرنے والے کسی ادارے کے ساتھ نمایاں انداز میں مالی مفادات (5 فیصد یا اس سے زیادہ)
4. تجارتی کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی خدمات یا پھر وقت کی کوئی ایسی پابندی جس کے باعث Iron Mountain میں آپ کے کام کرنے کی صلاحیت میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو مفادات کے ٹکراؤ یا پھر ان کو کس طرح ظاہر کرنا ہے کے بارے میں کوئی سوال معلوم کرنا ہے تو ہماری مفادات کے ٹکراؤ کی پالیسی ملاحظہ فرمائیں

# درست ترین ریکارڈ کی دیکھ بھال اوراس کو ظاہر کرنا

ہم نے اپنے شراکتداروں میں جو ساکھ اور اعتماد پیدا کیاہے اس کو برقرار رکھنے کے لیے ہمارے بہی کھاتوں، ریکارڈز اور مالیاتی گوشواروں کی دیانتداری انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔
عام لوگوں میں اس طرح کے ریکارڈکو مناسب انداز میں ظاہر کرنے سے ہمارے صارفین اور سرمایہ کاروں کا ہم پر اعتماد بڑھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں لازمی طور پر تمام کاروباری ریکارڈز کی فعال انداز میں دیکھ بھال کرنی چاہیئے اور ان کے صحیح اور شفاف ہونے کی یقین دہانی کے لیے ہمیں تمام مطلوبہ اقدامات اٹھانے چاہیئں۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

ایک عوامی تجارتی کمپنی کی حیثیت سے ، ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم درست ترین ریکارڈز کی دیکھ بھال کریں اور اس کو ظاہر کریں۔ تاہم اس سے بھی آگے، یہ ماؤنٹنیرز کا**مالک بننے** اور **دیانتداری سے عمل کرنے** کا ایک اہم طریقہ کار بھی ہے۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

- تمام مالیاتی کنٹرولز اور ریکارڈز کی دیکھ بھال کے قواعد وضوابط پر سختی سے عمل کرتے ہیں
- آڈیٹرز یا ریگولیٹرز کو درست ترین، مکمل اور بروقت ریکارڈز فراہم کرتے ہیں
- بجٹ کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے کبھی بھی ناموزوں انداز میں آمدنی اور اخراجات کی تفصیلات کو ترتیب نہیں دیتے
- ایسی مبہم یا غیر تائیدی لین دین سے پوری طرح خبر دار رہتے ہیں جن میں دھوکہ دہی یا منی لانڈرنگ کا امکان موجود ہو
- صرف اس وقت تک ریکارڈ کو رکھتے ہیں جب تک کہ گلوبل ریکارڈ ریٹنشن شیڈیول میں اس کی ضرورت ہوتی ہے۔





''مؤثر انداز میں یکساں اور جوابدہی والے ریکارڈ رکھنے کے طریقہ کار کا اطلاق کرکےہم کارکردگی میں بہتری لاتے ہیں، خطرہ کم کرتے ہیں اور پورے ادارے میں قدر کو بڑھاتے ہیں۔''

**Iron Mountain کے ریکارڈ اور معلومات کی دیکھ بھال کی پالیسی**

## Iron Mountain طریقہ کار کی راہنما

کسی بھی دوسری کمپنی کے مقابلہ میں ہم اس بات کو زیادہ بہتر انداز میں سمجھتے ہیں کہ کس طرح مؤثر ریکارڈ اور انفارمیشن مینجمنٹ کے پروگرام ہماری استعداد بڑھا سکتے ہیں ، خطرات میں کمی لاسکتے ہیں اور پورے ادارے میں قدر بڑھاسکتے ہیں ۔

**اپنا کردار اس طرح ادا کریں:**

- تمام باضابطہ کاروباری ریکارڈز چاہے وہ کسی بھی صورت میں ہوں ان کی نشاندہی اور درجہ بندی کرکے
- ریکارڈز کی محفوظ اور منظم انداز میں دیکھ بھال ، تاکہ اس کو باآسانی اورقابلِ بھروسہ انداز میں حاصل کیا جاسکے۔
- ہمارے محفوظ شریڈ بنز کو استعمال میں لاتے ہوئے ، کاغذ کے ریکارڈز کو محفوظ انداز میں تلف کرنا
- تمام لیگل ہولڈ آرڈرز پر سختی سے عمل کرتے ہوئے

**ایک ''ریکارڈ'' طبعی یا پھر برقی صورتوں میں ہوسکتا ہے اور اس میں شامل ہیں:**

- ای میل، خطوط، وائس میل اور چیٹ لاگز
- تصاویر اور وڈیوز
- ٹائم شیٹس
- ایکس پینس رپورٹس
- خریداری کے آرڈر اور انوائسز
- روابط
- بجٹ کی منصوبہ بندیاں
- ریگیولیٹری فائلنگز

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو مالی ریکارڈ رکھنے یا پھر ہمارے کارپوریٹ ریکارڈز اور انفارمیشن مینجمنٹ پروگرام کے بارے میں سوالات کرنے ہیں تو اپنے مینجر سے بات کریں اور ہمارے ریکارڈز اور معلومات کی دیکھ بھال کی پالیسی کا جائزہ لیں۔

# بین الاقوامی پابندیوں اور تجارتی اصول وضوابط کے مطابق چلنا

ہم ایسے کئی ممالک میں کام کرتے ہیں جو حساس نوعیت کےسازوسامان اور ڈیٹا کی درآمد اور برآمد پر ضوابط رکھتے ہیں (مثلاً کمپیوٹر ہارڈویئر اور انکرپشن کی ٹیکنالوجی)۔ بعض نامزد کردہ گروہوں، افراد یا پھر ممالک کے ساتھ کاروبار کرنے پر عالمی پابندیاں ہیں۔ بین الاقوامی سطح پر کاروبار کرنے اور کام کرنے کی ہماری **حفاظت اور تحفظ** کی اہم قدر کے مطابق چلنے کے لیے یہ انتہائی ضروری ہے کہ ہم بین الاقوامی پابندیوں اور تجارتی اصول وضوابط کی سختی سے پابندی کریں









## هم کس طرح جوابدہ ہیں

وسیع تر بین الاقوامی سطح پر تجارت میں شامل ہونا خطرناک ہوسکتا ہے۔

**اسی لیے ہم:**

- ایسے افراد اور اداروں سے خریدوفروخت یا پھر شراکتدار ی کرنے سے پرہیز کرتے ہیں جن پر حکومت کی جانب سے پابندیوں یا بائیکاٹ کی فہرست میں شمولیت کی اسکریننگ نہ کی گئی ہو۔
- غیرمجاز ملازمین کو صارف کی ایسی معلومات تک رسائی نہیں دیتے جو مخصوص معاہدوں یا قواعدوضوابط کے تحت ہوں۔
- اس بات کی یقین دہانی کےلیے کہ ہمیں محدود کئے گئے ڈیٹاکو سرحد پار بھیجنے کی اجازت ہے ہم اپنے صارفین اور گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس سے مل کر کام کرتے ہیں۔
- ہم اپنے کاروباری شراکتداروں کی نگرانی کرتے ہیں تاکہ اس بات کی یقین دہانی ہوپائے کہ وہ بھی تعمیل کے لیے تیار ہیں
- کسی نئے ملک میں توسیع دینے یا کوئی ایسا سازوسامان یا ٹیکنالوجی لانے کے لیے کہ جس میں ہمیں برآمد کرنے کی ضرورت ہو تو ہم گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس سے مشاورت کرتے ہیں

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو بین الاقوامی پابندیوں اور تجارتی قواعد وضوابط کے بارے میں سوالات کرنے ہیں تو گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس ٹیم سے بات کریں اور ہماری بین الاقوامی پابندیاں اور تجارتی پالیسی کا جائزہ لیں۔

# رشوت خوری اور بدعنوانی کی روک تھام

بدعنوانی اور رشوت خوری سے کمیونٹیز کو نقصان پہنچتا ہے، اس سے ہماری ساکھ بھی خطرے میں پڑ جاتی ہے اور اس کے نتیجے میں اچھے خاصے جرمانے یا پھر جیل بھی ہوسکتی ہے۔ مقامی رواج چاہے کچھ بھی ہوں یا دیگر کمپنیاں چاہے کوئی بھی طریقہ اختیار کرتی ہوں، Iron Mountain (اور ہمارے کاروباری شراکتدار) ایسا طریقہ کار اختیار کرنے سے بھی گریز کریں گے جس میں ناموزوں ہونے کا شائبہ بھی ہوتا ہو، خصوصی طور پر جب حکومتی اہلکاروں سے معاملات چل رہے ہوں۔





## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

Iron Mountain ہمیشہ کاروبار کے حصول کے لیے رشوت دینے سے پہلے کاروبار چھوڑنے کو ترجیح دیں گے۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

- کاروبارکے عوض یا پھر کسی نامناسب فائدے یا مفاد کے حصول کے لیے کبھی بھی نہ تو کسی قیمتی چیز کی پیشکش کرتے ہیں، نہ اس کا وعدہ کرتے ہیں اور نہ ہی پیش کرتے ہیں۔
- ان تیسرے فریقین کاانتخاب کرتے (اور ان کی نگرانی کرتے)ہیں کہ جو ہمارے انسدادِبدعنوانی اور انسدادِ رشوت خوری کے عزم کے مطابق ہوں
- ہم ایسے ہی کھاتے اور ریکارڈز رکھتے ہیں کہ جن میں تمام ادائیگیوں اور اخراجات کی مکمل اور درست وضاحت موجود ہو۔

## رشوت کیا ہے؟

رشوت کا مطلب ہے کہ حکومت یا پھر نجی شعبہ کے کسی ادارے پر اثرانداز ہونے کے لیے کوئی قیمتی چیزپیش کی جائے، تاکہ وہ اپنی ذمہ داری ادا کریں یا ان سے کوئی نامناسب کاروباری فائدہ حاصل کیا جائے۔ چاہے کوئی رشوت قبول نہ بھی کرے ، تاہم پھر بھی یہ غیرقانونی اور Iron Mountain کی پالیسی کے خلاف ہے۔

رشوت کوئی بھی قیمتی چیز ہوسکتی ہے، اس میں صرف نقد شامل نہیں۔ خیراتی چندہ، رعایت یا حتیٰ کہ نوکری یا پھر انٹرنشپ کی پیشکش کو بھی رشوت تصور کیا جاسکتا ہے۔

## تمام قابل اطلاق قوانین پر عمل کرنا

ہم ایک عالمی سطح کی کمپنی ہیں اورہم جس ملک میں بھی کام کرتے ہیں وہاں پر انسدادِ ررشوت خوری اور انسدادِ بدعنوانی کے قوانین پرسختی سے تعمیل کرتے ہیں، چاہے وہ وفاقی سطح پرہوں ، ریاستی یا مقامی سطح پر۔ اس میں ریاستہائے متحدہ امریکہ بھی شامل ہے فارین کرپٹ پریکٹسس ایکٹ، یو-کے- برائبری ایکٹ اور دی برازیل کلین کمپنیز ایکٹ۔

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو رشوت خوری یا بدعنوانی کے بارے میں سوالات کرنے ہیں تو اپنے مینجر یا پھر گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس ٹیم سے بات کریں اور ہماری انسدادِ رشوت خوری اور انسدادِ بدعنوانی کی پالیسی کا جائزہ لیں۔

# تحائف اور میزبانی کا مناسب انداز میں تبادلہ

صارفین اور کاروباری شراکتداروں کے ساتھ مضبوط تعلقات استوار کرنا Iron Mountain کی کامیابی کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ شکریہ کی ادائیگی کے لیے تحائف کا تبادلہ ایک مناسب طریقہ ہوسکتا ہے اور میزبانی فراہم کرنے سے ہم کاروباری موضوعات پر بات چیت کرسکتے ہیں اور اپنی خدمات دکھاسکتے ہیں۔ تحائف اور میزبانی اعتماد سازی کا ایک درست طریقہ کار ہوسکتا ہے،تاہم کاروباری فیصلوں پر نامناسب انداز میں اثر انداز ہونے کے لیے ان کو کبھی بھی استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ لہٰذا ان کو لازمی طورپرموزوں اور کمپنی کی پالیسی کے مطابق ہونا چاہیئے۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

تحائف اور میزبانی کے حوالے سے مقامی رواج مختلف ہوسکتے ہیں، تاہم ہم کو ہمیشہ ہماری اقدار اور ہمارے ضابطے کا پابند ہونا ہوگا۔

**اس کا مطلب ہے کہ تمام تحائف اور میزبانی جو ہم پیش کرتے ہیں ان کو لازمی طور پرہونا چاہیئے:**

- جائز مقاصدکے لیے (مثلاً کسی خدمت میں مدد کے اظہار کے طور پر)
- ہماری اپنی پالیسیوں کے تحت اس کو منظور ہونا چاہیئے(منظوری کی سطح ملاحظہ کریں) اور وصول کنندہ کی پالیسیوں کے تحت بھی اس کی اجازت ہو۔
- مقامی قانون کے مطابق ہے
- قدر مناسب ہو، اور اس کو نقد یا پھر گفٹ کارڈ کی صورت میں نہیں ہونا چاہیئے
- حالات کے لحاظ سے مناسب ہو(شرمندگی کا باعث یا ہماری ساکھ کو اس سے ممکنہ طور پر نقصان نہ پہنچے)
- ہمارے بہی کھاتوں اور ریکارڈ میں اس کو بالکل درست انداز میں ریکارڈ کرنا اور تفصیلات بتانا

**مندرجہ بالا عوامل کے علاوہ ، ہم جو تحائف اور میزبانی قبول کرتے ہیں ان کو ہونا چاہیئے لازمی طور پر:**

- بغیر مانگے
- انکار کردیں، اگر یہ فروخت کنندہ کی جانب سے حصول کے فیصلے کے وقت ہو
- تحائف کے لیے $100 سے کم اور میزبانی کے لیے $250 سے کم تاوقتیکہ ہماری پالیسی میں موجود وضاحت کے تحت منظوری نہ دی جائے۔



## منظوری کی سطح کا چارٹ: تحائف اور میزبانی کی پیشکش کرنا

| دینا (برسال فی وصول کنندہ چار سے زیادہ نہیں) | تحائف (شکریہ کی ادائیگی ، مثلاً پھول یا چاکلیٹ) | میزبانی (Iron Mountain کی خدمات کےحوالے سے سفر اور رہائش) |
|---|---|---|
| کسی سرکاری اہلکار کو | گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس سے ہمیشہ منظوری درکار | گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس سے ہمیشہ منظوری درکار |
| کسی موجودہ یا ممکنہ صارف کو | گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس سے منظوری درکار اگر <$100 | گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس سے ہمیشہ منظوری درکاراگر<$250 |
| ساتھی ماؤنٹنیر کو | ضروری ہے کہ معقول ہواور عموماً اس کو رقم کی واپسی کے لیے جمع نہ کروایا جاسکے | ضروری ہے کہ معقول ہواور عموماً اس کو رقم کی واپسی کے لیے جمع نہ کروایا جاسکے |

### خیراتی چندے

**Iron Mountain کو اس پر فخر ہے کہ وہ ہماری کمیونٹیز میں کئی خیراتی کاموں میں مدد کرتی ہے**

Iron Mountain کی جانب سے اداکئے جانے والے تمام خیراتی رقوم، چاہے وہ چندے کی صورت میں ہوں یا رضاکارانہ طورپر، ان کو لازمی طور پر آن لائن تحائف اور میزبانی کے پورٹل میں جمع کروایاجائے۔

## سرکاری اہلکاروں کے لیے اضافی قواعد

سرکاری اہلکاروں سے معاملات کرتے ہوئے اضافی احتیاط کرنی ہوتی ہے ہوسکتا ہے کہ تجارتی کمپنیوں سے معاملات کرتے ہوئے کسی چیز کی اجازت ہو ،لیکن حکومت کے ساتھ معاملات کرتے ہوئے وہی چیز غیرقانونی ہوجائے۔ سرکاری اہلکاروں کو کوئی بھی قیمتی چیزدینے سے پہلے ہمیشہ گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس ٹیم سے منظوری حاصل کرلیں۔

## ''سرکاری اہلکار'' ایک وسیع اصطلاح ہے اس جس میں شامل ہیں:

- حکومت کی جانب سے نامزدکردہ اور تعینات کردہ تمام اہلکار، حتیٰ کہ جزوقتی اہلکار
- حکومتی اداروں کے ملازمین
- ریاستی کاروباروں اور اداروں ، بشمول بینک، یونیورسٹیاں یا ہسپتالوں میں کام کرنے والے ملازمین
- سیاسی عہدے کا امیدوار

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کے ذہن میں تحائف اور میزبانی کے حوالے سے سوالات ہیں تو اپنے مینجریا پھر گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس ٹیم سے پوچھیں اور ہماری تحائف، میزبانی اور خیراتی چندے کی پالیسی کا جائزہ لیں۔

# ہماری ٹیمز
# کو خودمختار کرنا



# ہمارے لوگ ہمارا سب سے بڑا اثاثہ ہیں





40 ساتھی ماؤنٹنیرز کو عزت اور کا تحفظ دینا

42 شمولیت اور تنوع کی قدر کرنا

44 24/7 حفاظت سے رہنا

46 ٹیکنالوجی اور انفارمیشن سسٹمز کا محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال

48 اپنی صیغہ راز میں معلومات اور دانشورانہ املاک کا تحفظ کرنا

50 ہمارے قیمتی ترین اثاثوں کو تحفظ فراہم کرنا

52 سماجی میڈیا کا مؤثر اور ذمہ دارانہ استعمال

54 دیانتداری سے خرید و فروخت اور مارکٹنگ

# ساتھی ماؤنٹنیرز کو عزت اور تحفظ دینا

ہراساں کیاجانا، امتیازی سلوک اور دھونس دھمکیاں نہ صرف یہ کہ غیرقانونی اور خطرناک ہیں، بلکہ ان سے حوصلہ شکنی بھی ہوتی ہےاور عدم اعتماد اور بدتہذیبی کا ایسا ماحول تشکیل پاتا ہے جس سے ہم اپنی صلاحیتوں کے مکمل استعمال تک نہیں پہنچ پاتے۔ ایک محفوظ اور قابلِ تعظیم کام کی جگہ کا ماحول تشکیل دینے سے ،ہم ایسی کمپنی تشکیل دیتے ہیں کہ جہاں ہر ماؤنٹنیر کو بولنے کا حق ہوتا ہے اور وہ خود کو کامیابی کے لیے خودمختار محسوس کرتا ہے۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

ہم نے ایک ایسی کام کی جگہ کا عزم کررکھا ہے کہ جو امتیازی سلوک، ہراساں کئے جانے ، دھونس دھمکی ، تشدد یا اس طرح کے دیگر استحصالی رویوں سے بالکل پاک ہو۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

– ساتھی ماؤنٹنیرز کے ساتھ ہمیشہ وقار اور عزت سے پیش آئیں۔
– ملازمت کے فیصلے اہلیت کی بنیاد پر کریں، خواصوں کی بنیاد پر نہیں مثلاً نسل، مذہب، قومیت، عمر، معذوری، جنسی شناخت یا جنسی رویہ
– ان کے ذریعے کام کی جگہ کو تشدد سے پاک رکھیں:
  - ماضی کی مکمل چھان بین کرکے
  - خبردار کرنے والی علامات مثلاً چیخنے چلانے یا چیزیں پھینکنے وغیرہ کے لیے چوکس رہیں
  - بحث مباحثے کی شدت میں کمی لاکر اور تنازعات کے حل میں مدد کرکے
  - کام کی جگہ پر تشدد یا ہتھیاروں کی دھمکیوں کی اطلاعات دے کر
  - اگر فوری خطرہ ہے تو قانون نافذکرنے والے ادارے کو مطلع کرنا اور اس کے بعد اپنے مینجریا گلوبل سیفٹی ، رسک اینڈ سیکورٹی کو مطلع کرنا




## ہراساں کیا جانا اور دھمکانا ہوسکتے ہیں...

- وہ چیزیں جو ہم **کہتے ہیں** ، مثلاً نامناسب لطیفے سنانا یا سماجی طور پر توہین آمیز باتیں
- وہ چیزیں جو ہم **دکھاتے ہیں** ، مثلاً دیواروں پر لکھنا یا تصاویر بنانا یا گاڑیوں پر توہین آمیز بمپر اسٹکر لگانا
- وہ چیزیں جو ہم **خود کرتے ہیں** ، مثلاً کسی کی جانب ناپسندیدہ جنسی پیش رفت یا کسی کا راستہ روکنا
- وہ چیزیں جو ہم **آن لائن کرتے ہیں** ، مثلاً سماجی میڈیا پر دھمکانا یا کسی کو برا بھلا بولنے کے لیے پروفائل بنانا

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو امتیازی سلوک، ہراساں کئے جانے یا کام کی جگہ پر تشددکے حوالے سے سوالات کرنے ہیں تو اپنے مینجرسے بات کریں اور ہماری امتیازی سلوک، ہراساں کئے جانے اور ڈرانے دھمکانے کے خلاف پالیسی ملاحظہ کریں اور بدانتظامی کی اطلاع کرنے والی پالیسی دیکھیں۔



# شمولیت اور تنوع کی قدر کرنا

وسیع تجربہ ، صلاحیتیں اور نکتہ نظر رکھنے والے افراد کو اپنے جانب راغب کرنا، بہتری لانا اور خودمختار بنانا کامیابی کی بنیادی کلید ہے۔ ایک دوسرے کی غیر معمولی خاصیتوں اور خاندانی پس منظر کو قبول کرتے ہوئے ہم کام کی جگہ زیادہ بہتر بناتے ہیں ، مسائل کو زیادہ اختراعی انداز میں حل کرتے ہیں اور اپنے صارفین کی ضروریات کو بہتر انداز میں سمجھتے ہیں۔ اپنے الفاظ اور عمل میں تنوع کو شامل اور قبول کرنے سے ہر ایک ملازم کی شمولیت بڑھتی ہے اور ہمیں بہتر فیصلے کرنے کا اہل بناتی ہے۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

ہم سب کو شامل کرنے اور قبول کرنے والی کام کی جگہ تشکیل دیتے ہیں جہاں ہم باہمی اختلافات کو قدرکی نگاہ سے دیکھتے اور ان سے سیکھتے ہیں۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

- جان بوجھ کر متبادل طریقہ کاراورنکتہ نظر تلاش کریں
- چاہے کسی کی سینیارٹی کچھ بھی ، سب لوگوں کی رائے کو احترام سے سنیں
- ٹیمز کو بھرتی کرتے اور تشکیل دیتے ہوئے تنوع کی اہمیت پر غور کریں
- جن لوگوں کو فائدہ پہنچ سکتاہو، ان کومکمل طور پر معلومات فراہم کریں، بالخصوص نئے آنے والے ماؤنٹنیرزکو

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ سب کی شمولیت اور تنوع کےہمارے عزم کے بارے میں سوالات کرنے ہیں تو اپنے مینجرسے بات کریں یاپھر ہمارے کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی پورٹل کو وزٹ کریں۔





# 24/7
# حفاظت
# سے رہنا

Iron Mountain میں ہماری صحت، تحفظ اور حفاظت سے بڑھ کرکوئی چیز اہم نہیں ہے۔ جب ہم طریقہ کار کے مطابق عمل کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو ہم اپنے سب سے اہم وسائل ، ہمارے ماؤنٹنیرز ،کو خطرے سے دوچار کردیتے ہیں ہم کام کے ماحول کو صحت منداور محفوظ رکھنے کے لیے سخت محنت کرتے ہیں ، تاکہ ہماری زیادہ شمولیت ہو، زیادہ پیداوار ہو اور ہم اپنے صارفین کو خوش کرنے کے لیے زیادہ توجہ مرکوز کرپائیں۔








''ہر ماؤنٹنیرز کو اس بات کا علم ہے کہ تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہے۔''

**Iron Mountain کی**
**گلوبل سیفٹی ٹیم**

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

Iron Mountain میں تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہے ماؤنٹنیرز کی حفاظت اور تحفظ سے بڑھ کرکوئی آپریشنل ہدف یا میٹرک اہم نہیں ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ ہم :

**تحفظ کو فروغ دیں**

- ہر وقت کمپنی کی تحفظ کی مطلوبہ شرائط کے مطابق عمل کریں
- تمام واقعات یا ایسے واقعات جوہوتے ہوتے رہ گئے ہوں ان کے بارے میں مطلع کریں
- اگر کوئی غیرمحفوظ صورتحال یا عمل ہے تو اس میں مداخلت کریں
- روزانہ تحفظ کو بہتربنانے کے مواقعے تلاش کریں
- اپنی اور اپنے آس پاس موجود لوگوں کے تحفظ کی ذمہ داری اٹھائیں
- صرف وہی کام کریں جس کے لیے ہمیں تربیت فراہم کی گئی ہے
- اگر کوئی کام محفوظ طور پر انجام نہیں دیا جاسکتا تو اس کو روک دیں

**جسمانی تحفظ کو برقرار رکھیں**

- گاڑیوں کو ہمیشہ لاک کرکے رکھیں، الارم کو فعال کریں اور Iron Mountain کے سازوسامان (جیساکہ لیپ ٹاپس یا سیل فونز)کو محفوظ بنائیں۔
- کسی چیزی کی مدد سے دروازوں کوکھلا مت چھوڑیں اور لوگوں کو ہمارے پیچھے سہولتی مراکز میں آنے مت دیں۔
- اگر کسی نے Iron Mountain کا بیج نہیں لگا رکھا ہے تو اس کے بارے میں مطلع کریں یایا شائستگی سے ان سے مخاطب ہوں

**منشیات سے پاک کام کی جگہ پر زور دیں**

- کام پر منشیات یا الکوحل کے زیرِ اثر مت آئیں
- منشیات یا الکوحل کے مسائل کے حوالے سے اپنے مینجر یا ہیومن ریسورس سے بات کریں، کمپنی کے پاس اس سلسلے میں مدد کے لیے وسائل موجود ہیں۔
- اگر آپ اپنے ساتھ کام کرنے والے کسی ساتھی کو منشیات یا الکوحل کے زیرِاثر دیکھیں تواس بارے میں بولیں

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو حفاظت، تحفظ یا ہماری منشیات سے پاک کام کی جگہ کی پالیسی کے بارے میں سولات کرنے ہیں تو اپنے مینجر سے بات کریں۔

# ٹیکنالوجی اور انفارمیشن سسٹمز کا محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال

ہمای ٹیکنالوجی اور انفارمیشن سسٹم ہمیں زیادہ پیداوار میں معاون ہے، اس کے ذریعے زیادہ مؤثر ابلاغ ہوتا ہے اور ہمارے صارفین کو زیادہ بہتر انداز میں خدمات فراہم کرتا ہے۔ ہماری ٹیکنالوجی کا تحفظ کرنے اور اس کو مناسب انداز میں استعمال کرنے کےذریعے، **ہم صارف کی قدر** میں اضافہ کرتے ہیں ، اپنے صارفین کو خوش کرتے ہیں اور ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے نئے چیزیں بناتے ہیں۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

ٹیکنالوجی اورانفارمیشن سسٹم کے نامناسب استعمال سے ہمارے وسائل پر غیرضروری بوجھ پڑتا ہے، ہمارا تحفظ خطرے سے دوچار ہوتا ہے اور اس سےہماری برانڈ اور ساکھ کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔

**یہ ہونے سے روکنے کے لیے، ہم:**

- سسٹم تک رسائی صرف مجاز افراد کو دیتے ہیں اور جیسے ہی ان کی ضرورت پوری ہوتی ہے ہم ان کو ہٹادیتے ہیں۔
- صیغہ راز میں رکھی گئی معلومات کو غیرمنظور شدہ انٹرنیٹ یا پھر سماجی ویب سائیٹس سے دور رکھتے ہیں۔
- کبھی بھی کوئی ایسا پیغام نہیں بھیجتے جس میں ہراساں کرنے یا نفرت انگیز قسم کا مواد ہو۔
- نئے سسٹم کا انتخاب کرتے ہوئے یا اس کو لاگو کرتے ہوئے پرائیویسی کے معاملات پر غورکرتے ہیں۔
- سازوسامان کو نکالنے سے پہلےطریقہ کار پر عمل کرتے ہیں تاکہ اس بات کی یقین دہانی ہوجائے کہ ڈیٹا کو محفوظ طورپر مٹادیا گیا ہے۔
- ٹیکنالوجی اور انفارمیشن سسٹم کا غیرکاروباری استعمال کم سے کم کرتے ہیں



## معلومات کا تحفظ


ہمارا اپنے نیٹ ورکس اور ان پر موجود ڈیٹا پر زیادہ سے زیادہ انحصار ہو رہا ہے۔ ہیکنگ، نقب زنی اور سیکورٹی میں ہونے والی غفلت بہت بڑے خطرات ہیں جن کی ہمیں مسلسل نگرانی کرنے اور ان کو حل کرنے کی ضرورت ہے۔

**اپنے انفارمیشن سسٹم اور ڈیٹا کو محفوظ رکھنے کے لیے ، ہمیں:**

- معلومات کو محفوظ بنانے کی تمام تربیتیں وقت پر مکمل کریں
- نامناسب ویب سائیٹس پر جانے سے پرہیز کریں
- ایسا سافٹ ویئر انسٹال مت کریں جس کی منظور ی نہ دی گئی ہو یا مشکوک نوعیت کی اٹیچ مینٹس مت کھولیں
- ہمارے لاگ اِن کی تفصیلات کی حفاظت کریں
- Iron Mountain کے نیٹ ورکس کے ساتھ ذاتی آلات صرف ایسی صورت میں منسلک کریں جب ان کی منظوری دی گئی ہو۔
- پھشنگ اسکیم یا ہمارے سسٹم یا اکاؤنٹ میں داخل ہونے کی دیگر اس طرح کی کوششوں سے ہوشیار رہیں

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو معلومات کے تحفظ یا ہماری ٹیکنالوجی اور انفارمیشن سسٹم کے قابلِ قبول استعمال کے بارے میں سوالات پوچھنے ہوں تو اپنے مینجر سے بات کریں اور ہماری قابلِ قبول استعمال کی پالیسی کا جائزہ لیں۔



# اپنی صیغہ راز میں معلومات اور دانشورانہ املاک (انٹلیکچول پراپرٹی) کا تحفظ کرنا

صیغہ راز میں موجود ہماری کاروباری معلومات اور دانشورانہ املاک(انٹلیکچول پراپرٹی) ہمارے نہایت اہم اثاثے ہیں جنہیں بنانے میں کئی دہائیاں لگی ہیں۔ ان کے بغیر نہ تو ہم اختراع کرسکتے ہیں ،نہ خدمات کو بہتر بناسکتے ہیں اور نہ صارفین کو خوش کرسکتے ہیں۔ لہٰذا یہ ضروری ہے کہ ان دانشورانہ اثاثہ جات کو تحفظ فراہم کرنے اور ان کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے ہم جو کچھ کرسکتے ہیں کریں۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

یہ ہم سب کی ایک اہم ترین ذمہ داری ہے کہ ہم صیغہ راز میں موجود معلومات اور دانشورانہ املاک کے غلط استعمال یا پھر بغیر اجازت کے ظاہر کئے جانے کو تحفظ فراہم کریں۔

### اس عزم کو پورا کرنے کے لیے، ہم:

- معلومات صرف جائز کاروباری ضروریات رکھنے والے مجاز افراد کو فراہم کرتے ہیں
- ہماری کمپنی سے باہر صیغہ راز میں موجود یا حق ملکیت معلومات کو جاری کرنے سے پہلے اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ افشا نہ کرنے کے معاہدے موجود ہوں۔
- ہماری تحفظ کی پالیسیوں کے مطابق دستاویزات ، ڈیٹا اور آلات کی حفاظت کریں۔
- ہمارے محفوظ شریڈ بنز کو استعمال کرتے ہوئے صرف کاغذ کے دستاویزات کو تلف کریں
- عوامی مقامات پر صیغہ راز میں موجود معلومات کے بارے میں بات چیت کرنے سے گریز کریں اور ہمارے موبائل آلات پر لوگوں کو اس طرح کی معلومات دیکھنے سے روکنے کے اقدامات کریں۔
- غیرمجاز یا نامناسب اخفا کے بارے میں انتظامیہ، گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس یا گلوبل سفیٹی ،رسک اینڈ سیکورٹی کو مطلع کریں۔



## صیغہ راز میں معلومات اور دانشورانہ املاک (انٹلیکچول پراپرٹی) بشمول...

- حکمتِ عملی کی دستاویزات
- روابط
- صارفین کی فہرستیں
- قیمت کی شیٹس
- ورک فلوز اور کام کرنے کے طریقہ کار
- میٹنگ کے منصوبے
- غیرعوامی مالیاتی معلومات یاامکانی حساب کتاب
- ادغام اور حصول کے بارے میں معلومات
- تفتیشی اور آڈٹ کا مواد
- ملازم سے متعلق معلومات

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو بصیغۂ راز اور حق ملکیت کے بارے میں سولات کرنے ہیں تو ہماری معلومات کی درجہ بندی اور اس کی دیکھ بھال کی پالیسی دیکھیں یا پھر گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس ٹیم سے رابطہ کریں۔



# ہمارے قیمتی ترین اثاثوں کو تحفظ فراہم کرنا

ہماری قدر، **اپنا تحفظ اور حفاظت** وہ بنیادی وعدہ ہے جو ہم اپنے صارفین اور ملازمین سے کرتے ہیں۔ ہماری سہولیات اور ان کے مواد کو تحفظ فراہم کرکے اور ہماری کمپنی کو چوری، دھوکہ دہی یا نقصان سے محفوظ بنا کر ہم اپنے عزم کے مطابق خدمت فراہم کرسکتے ہیں اور ہمارے طریقہ کار کو قابل اعتماد انداز میں فنڈز فراہم کرسکتے ہیں۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

ہماری کمپنی اور اس کے اثاثہ جات کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے ہم مسلسل خطرات کا اندازہ لگاتے رہتے ہیں اور اپنے کنٹرول کو بہتر بناتے رہتے ہیں۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

- ہمارا Iron Mountain کا شناختی بیج ہر وقت لگائے رکھیں ،اور اس بات کی یقین دہانی کریں کہ دوسرے بھی ایسا ہی کریں۔
- ناکارہ الارم یا فائرفائٹنگ کے سازوسامان کے بارے میں فوری طور پر مطلع کریں
- سہولتی مراکزکے اندر اور آس پاس غیر مجاز افرادکی موجود گی کے حوالے چوکس رہیں
- اس بات کی یقین دہانی کریں کہ کمپنی کے فنڈز کاروباری مقاصد کے لیے استعمال ہوں اور ذاتی مقاصد کے لیے استعمال نہ ہوں۔
- سفر، تفریح اور دیگر مقاصد کے لیے استعمال ہونے والے اخرجات کی مکمل اور درست ترین تفصیلات بیان کریں
- ہمارے ملازمین کے اخراجات کی رپورٹ کا ہمیشہ جائزہ لیں
- جب کمپنی کے لیے اثاثہ جات کی خریداری کر رہے ہوں تو پروکیورمنٹ کے ذریعے کام کریں۔



## دھوکہ دہی کا سخت دشمن: ایک اخلاقی ماؤنٹینیر

دھوکہ ، ضیاع یا استحصال مختلف صورتوں میں آتا ہےاور ان سے ہمارے کاروبار اور طریقہ کار کو شدید خطرہ لاحق ہوتاہے۔ ضابطہ اور اقدار کے مطابق چلنے کا ہمارے ماؤنٹینیر کا عزم ایک یقینی راستہ ہے، کہ وہ روکیں، اس کی نشاندہی کرے اور اگر ایسا ہوتا ہے تو اس کو ٹھیک کرے۔

**ملکیت سمجھنے** کا مطلب ہے کہ کسی بھی ایسی سرگرمی کے بارے میں مینجر یا ایتھکل لائن کوفوری طور پر مطل کیا جائے جس میں جرم مثلاً دھوکہ دہی یا منی لانڈرنگ کا عندیہ ملتا ہو، جیسا کہ:

- جعل سازی کرنا یا کمپنی کے ریکارڈ کو نامناسب انداز میں بدلنا
- اخراجات کا غلط دعویٰ
- غبن کرنا یا کمپنی کے اثاثوں کو ذاتی استعمال میں لانا
- جان بوجھ کر غلط دعوؤں یا انوائسز کو بنانا یا ان کی ادائیگی کرنا
- جان بوجھ کر واجبات یا نقصانات کو کم بیان کرنا یا چھپانا
- بے قاعدگی سے فنڈز کی منتقلی
- کسی ایسے صارف کو شامل کرنا جس کے پاس نامکمل اور غیرمربوط معلومات ہوں

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو ہمارے اثاثہ جات کے غلط استعمال اور دھوکہ دہی سے تحفظ فراہم کرنے کے حوالے سے مزید سوالات کرنے ہیں ، تو اپنے مینجر سے بات کریں یا پھر ہمار ی گلوبل فیسلٹی پالیسی اور ہماری گلوبل پروگریسو ڈسپلن پالیسی کا جائزہ لیں۔



# سماجی میڈیا کا مؤثر
# اور ذمہ دارانہ استعمال

سماجی میڈیا ایک طاقتور ٹول ہے جس کے ذریعے ایک دوسرے کو باآسانی معلومات فراہم کرسکتے ہیں اور یہ ہمارے صارفین اور دیگر اسٹاک ہولڈرز کے ساتھ جڑنے کا بھی ایک مؤثر طریقہ ہے۔ تاہم، اس کے غلط استعمال سے ہمارے لوگوں کو نقصان پہنچ سکتا ہےاور اس سے ہماری معلومات اور ساکھ کو بھی خطرہ ہوسکتا ہے۔ جیساکہ سماجی میڈیا کا ہماری ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگیوں میں کردار بڑھتا چلا جارہاہے، لہٰذایہ ضروری ہے کہ اس کے خطرات سے محتاط رہتے ہوئے اس کا بھرپور استعمال کیا جائے۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

**سماجی میڈیا کے مؤثر اور ذمہ دارانہ استعمال کا مطلب ہے کہ:**

- اپنے اکاؤنٹ کی تفصیلات کے چوری ہونے یا غلط استعمال سے تحفظ فراہم کریں
- آن لائن تبادلہ خیال میں خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ طریقہ کار کو ملحوظ رکھیں
- کمپنی کی صیغہ راز والی معلومات کو سماجی میڈیا سے دور رکھیں
- سماجی میڈیا کو کبھی بھی ہراساں کرنے، دھمکانے یا کسی ایسی سرگرمی کے لیے استعمال نہ کریں جو غیر قانونی یا ہمارے ضابطے کی خلاف ورزی ہو۔
- صارفین جب ہم سے سماجی میڈیا کے ذریعے رابطہ کریں تو ان کا خیرمقدم کریں، تاہم کسی مخصوص مسئلہ کے حل کے لیے ان سے کہیں کہ وہ کسٹمرکیئر سے رابطہ کریں۔
- جب ہماری کمپنی یا اس کی خدمات کے بارے میں پوسٹ کریں تو اس میں اپنی شناخت Iron Mountain کے ملازمین کے طور پر کروائیں۔
- یہ واضح کریں کہ ہماری آراذاتی ہیں اور یہ Iron Mountain کی نہیں ہیں۔
- سماجی میڈیا کے مواد کو ملازمت کے فیصلے کرنے کے لیے استعمال کرتے ہوئے قانونی اور ہیومن ریسورس کے مناسب رہنما اصولوں پر عمل کریں۔

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو سماجی میڈیا کے مؤثر اور ذمہ دارانہ استعمال کے حوالے سوالات پوچھنے ہیں تو اپنے مینجرسے بات کریں اور ہماری سماجی میڈیا کی پالیسی کا جائزہ لیں۔





# دیانتداری کے ساتھ خریدوفروخت اور مارکیٹنگ

ایک ماؤنٹنیر کے طور پر ہمیں اپنی خدمات کے معیار اور صارفین کے لیے ہم جو قدر لاتے ہیں اس پر ہمیں فخر ہے۔ دیانتداری اوربغیر کسی مبالغے کے اس کی ترسیل سے ، ہم اپنے برانڈ میں ساکھ پیدا کرتے ہیں اور منڈی میں اعتماد پیدا کرتے ہیں۔ چاہے آپ سیلز یا مارکیٹنگ میں کام کرتے ہوں یا نہیں ، تاہم ہماری کمپنی سے باہر آپ کا کوئی بھی رابطہ آپ کو یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ آپ Iron Mountain کا ایک مثبت اور دائمی تاثر چھوڑیں۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

**خریدوفروخت اور مارکیٹنگ کرتے ہوئے، ہم اس طرح صارف کی قدر بڑھاتے ہیں:**

- ہمارےحریف کی برائی کرنے کے بجائے، اپنی طاقتوں کو نمایاں کریں
- ہماری خدمات غلط بیانی یا بڑھا چڑھا کرپیش کرنے سے گریزکریں
- افواہوں، جھوٹی معلومات یا پھر غیر قانونی دستاویزات کو استعمال کرتے ہوئے کبھی بھی صارفین سے رابطہ کرنے کی کوشش مت کریں۔
- تمام کاپی رائٹس، لوگوز اور دیگر دانشوارنہ املاک (انٹلیکچول پراپرٹی) کی پاسداری کرتے ہوئے۔
- لاگو ہونے والے تمام قوانین اورکمپنی کی متعلقہ پالیسیوں پر عمل کرتے ہوئے:
  - صارف سے ابلاغ اور انسدادِ اسپام
  - نوٹس اور مطلوبہ رضامندی
  - مارکیٹنگ رابطے کی ترجیحات

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو خریدوفروخت اور ماکیٹنگ کے بارے میں سوالات کرنے ہیں تو اپنے مینجر سے بات کریں اور  ہماری انسدادِاجارہ داری اور دیانتدارانہ مقابلہ بازی کی پالیسی کا جائزہ لیں۔ اس کے علاوہ ضابط کے ‘‘ مقابلے بازی کی خفیہ معلومات کا جمع کرنا’’ کے سیکشن کا بھی جائزہ لیں





# صارفین اور کمیونٹیز کے ساتھ اعتماد سازی





# دی IRON MOUNTAIN کی دنیا ہماری دیواروں سے کہیں آگے پھیلی ہوئی ہے


60 رازداری کی پاسداری کرنا

62 ماحول کا تحفظ اور ہماری کمیونٹیز میں اپنا کردار ادا کرنا

64 انسانی حقوق کی پاسداری کرنا اور جدید غلامی کی روک تھام

66 درست شراکتداروں کا انتخاب کرنا

68 ہماری برانڈ اور ساکھ کا تحفظ کرنا

70 کام کی جگہ کے اندر اور باہر کی سیاست

72 اندرونی تجارت کی ممانعت

# رازداری کی پاسداری کرنا

ہمارا بنیادی کام اپنے صارفین، ساتھی ماؤنٹنیرز اور ہمارے کاروباری شراکتداروں کے ذاتی ڈیٹا کو تحفظ فراہم کرنا ہے۔ جب ہم کسی فرد کی رازداری کی پاسداری کرتے ہیں ، تو اس سے ہم اعتماد بڑھاتے ہیں اور ایک ایسی کمپنی کے طور پر ہماری ساکھ میں اضافہ ہوتا ہے جس کے ساتھ لوگ کاروبار کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ انہی اسباب کے باعث یہ بہت ضروری ہے کہ ہم ذاتی ڈیٹا کو صرف جائز کاروباری مقاصد کے لیے ہی استعمال کریں اور بغیر اجازت اس تک کسی کو رسائی ، تبدیلی یا پھر اخفا سے اس کی حفاظت کریں۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

ہم نےرازداری اور ڈیٹا کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے تمام قابلِ اطلاق لازمی شرائط کو پورا کرنے کا عزم کررکھا ہے۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

- ’’ذاتی ڈیٹا‘‘ اور وہ جن صورتوں میں ہوتا ہے اس کی شناخت کرنا
- ہمارے معاہدوں اور قانون کے مطابق ہی ذاتی ڈیٹا کو جائز طور پر استعمال میں لانا
- ذاتی ڈیٹا کو محفوظ اور ذمہ دارانہ طور پر محفوظ کرنا اور ایک سے دوسری جگہ منتقل کرنا
- ذاتی ڈیٹا کوصرف کاروباری ضروریات کے لیے فراہم کرنا
- ڈیٹا کی فراہمی سے پہلے اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ تیسرے فریقین نے معاہدے پر دستخط کرلیے ہیں
- منتقلی ، رسائی اور جائزے سے پہلے گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس میں جانچ کرلیں ملکی سرحدوں کےپار ذاتی ڈیٹا
- ذاتی ڈیٹا کے گم ہوجانے یا غلط استعمال کے بارے میں فوری طور پر مینجر کو مطلع کریں؛ گلوبل سیفٹی، رسک اینڈ سیکورٹی یا گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس

## ملازمین کا ذاتی ڈیٹا

**اکثر ممالک میں ہم پر ملازمین کے ڈیٹا کے حوالے سے اضافی ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں، مثلاً:**

- ملازمین اور ملازمت کے لیے درخواست دینے والوں کو رازداری کے واضح اور درست نوٹس کی فراہمی
- ذاتی ڈیٹا کو پراسیس کرنے والی آئی ٹی کی ایپلی کیشن، سسٹمز یا پھر فروخت کنندہ کو استعمال سے پہلے گلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس کو اس حوالے سے مطلع کرنا۔
- ضرورت پورا ہوجانے کے بعد ذاتی ڈیٹا کو تلف کرنا، ہماری کمپنی کے ڈیٹاکو رکھنے کی ضروریات کے مطابق عمل کرنا۔



## ’’ذاتی ڈیٹا‘‘ کی تعریف دنیا کے ہر ملک میں مختلف ہے

عام طور پر اس کا اطلاق کسی ایسی معلومات پر ہوتا ہے کہ جس سے کسی بلاواسطہ یا بل واسطہ شناخت ظاہر ہوتی ہو

**مثالوں میں شامل ہیں:**

- نام
- پتہ
- ٹیلی فون نمبر
- ملازمت کی آئی ڈی
- ای میل کا پتہ
- آئی پی ایڈریس
- بینک یا کریڈٹ کارڈکی معلومات
- بیمہ پالیسی کانمبر
- تصویر
- صحت کے بارے میں یا طبی معلومات
- جینیاتی معلومات
- بایومیٹرک کی معلومات
- جیولوکیشن کا ڈیٹا
- براؤزر کی ہسٹری
- لاگ اِن آئی ڈی یا آن لائن اسکرین نام

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو ڈیٹا کی رازداری کے بارے میں سوالات پوچھنے ہیں تو اپنے مینجر یاگلوبل پرائیویسی اینڈ کمپلائنس ٹیم سے بات کریں اور گلوبل پرائیویسی پالیسی کا جائزہ لیں۔



# ماحول کا تحفظ اور ہماری کمیونٹیز میں اپنا کردار ادا کرنا

ایک کمپنی اور انفرادی طور پر ایک ماؤنٹنیرز کے حیثیت میں یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم عالمی اور مقامی سطح پر مثبت تبدیلی لائیں۔ اس کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ ہم جن کمیونٹیز میں رہتے اور کام کرتے ہیں ان کو اپنے ساتھ ملائیں اور ایسے حل تلاش کریں جن سے ماحولیات میں آلودگی کے اثرات میں کمی لائی جاسکے اور پائیداری میں اضافہ ہو ۔





## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

ہم ماحول کے لیے بہتر کام کرتے ہیں اور ہماری کمیونٹیز کے ساتھ شراکتداری کرتے ہیں۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

- جہاں جہاں ہم کام کررہے ہیں وہاں ماحولیات کے حوالے سے تمام قوانین اور قواعد وضوابط کی پاسداری کریں۔
- ہمارے کاروبار میں کچرے اور آلودگی میں کمی لانے کے مواقعوں کی نشاندہی کریں
- لِونگ لیگیسی انشیٹو کے ذریعے تاریخی ورثے کو بچانے میں مدد کریں
- ماؤنٹنیرز کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ وقت نکال کر رضاکارانہ طور کام کریں
- ہماری کمپنی کے ماحولیاتی پروگراموں، کارپوریٹ ریسپانسبلٹی پروگرام اور خیراتی چندوں کے بارے میں عام عوام کو آگاہی فراہم کریں

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو ہمارے استحکام یا ماحولیات اور کارپوریٹ ریسپانسبلٹی کے پروگراموں کے بارے میں سوالات پوچھنے ہیں تو ہماری کارپوریٹ ریسپانسبلٹی رپورٹ کا جائزہ لیں۔

# انسانی حقوق کی پاسداری کرنا اور جدید غلامی کی روک تھام

ہم نے اپنے لوگوں اور عالمی برادریوں سے جو وعدہ کررکھا ہے اس میں انسانی حقوق کی حمایت اور پاسداری بھی شامل ہے۔ ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ تمام افراد کو یہ حق حاصل ہے کہ ان سے عزت اور وقار سے پیش آیا جائےاور ہم اپنی سپلائی چین میں موجود تمام کاروباری شراکتداروں پر بھی لازمی قرار دیتے ہیں کہ وہ بھی انہیں اعلیٰ معیار کے عزم کااظہار کریں۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

ہم لوگوں سے ویسا ہی سلوک کرتے ہیں جیساسلوک ہم اپنے ساتھ چاہتے ہیں اور انسانی حقوق کو برقرار رکھنے , تحفظ فراہم کرنے اور جدید غلامی کی روک تھام کے لیے بامعنی اقدامات کرتے ہیں۔

**ہمارے عزم کے حصے کے طور پر، ہم:**

- تمام ماؤنٹنیرز کو مناسب قانونی حالاتِ کار؛گھنٹوں اورمعاوضے کی فراہمی کرتے ہیں
- کبھی بھی بچوں،جیل یا غلامی کی مشقت کو استعمال مت کریں اور اس بات کا بھی اندازہ لگائیں کہ آیا ہمارے کاروباری شراکتدار بھی اس عزم کو برقرار رکھے ہوئے ہیں یا نہیں
- خدمت فراہم کنندہ تیسرے فریق کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ ہمارے سپلائرکے ضابطہ اخلاق کو قبول کرے اور اس کی پابندی کرے۔
- انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہوتے ہوئے دیکھیں یا آپ کو شک ہوتو فور ی طور پر اپنےخدشات کا اظہار کریں۔

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کوانسانی حقوق کی جانب ہمارے عزم کے بار ےمیں سولات کرنے ہیں تو مینجر سے بات کریں یا پھر ہماری کارپوریٹ ریسپانسبلٹی رپورٹ اور ہمارے سپلائرز کے ضابطہ اخلاق کا جائزہ لیں۔





# درست شراکتداروں کا انتخاب کرنا

درست کمپنیوں کے ساتھ شراکتداری سے ہماری قدر میں اضافہ ہوتا ہے اور ہم اپنے صارفین اور ملازمین کو انتہائی اختراعی حل پیش کرنے کے اہل ہوتے ہیں۔ تاہم ہم تیسرے فریقین کو ایسی سرگرمیوں میں شامل ہونے کا نہیں کہیں گے جن میں خود ہم شامل نہیں ہونا چاہتے۔ اگر ہمارے شراکتدار ہماری توقعات پر پورے نہیں اترے یا ان کا چال چلن مشکوک ہوا یاان کے ہمارے یا ہمارے صارفین مفادات کے ساتھ ٹکراؤ ہوا تو ایسی صورت میں ان کو نتائج بھگتنے ہوں گے۔ ہم پوری احتیاط سے شراکتداروں کے انتخاب کے ذریعے، ان کے رویوں کی نگرانی کرکے اور جب بھی ضرورت محسوس ہو ان کو ذمہ دار قرار دے کر **مالک بنتے ہیں** ۔








## هم کس طرح جوابدہ ہیں

ہم خود کو انتہائی اعلیٰ اخلاقی معیار پر رکھتے ہیں اور ہم اپنے کاروبار ی شراکتداروں (بشمول ہماری جانب سے کام کرنے والے سپلائرز، ایجنٹس، عارضی اور دیگر کارکنان) سے بھی یہی توقع رکھتے ہیں۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

- ہمارے حصول کے سخت طریقہ کار کے ہر قدم پر عمل کریں
- اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ شراکتداروں کے پاس کام کو انجام دینے کے لیے درست مہارت اور تجربہ ہے
- صرف انہی کمپنیوں کے ساتھ شراکتداری کریں جو ملازمت اور انسانی حقوق کے تمام قابلِ اطلاق قوانین کی تعمیل کرتی ہوں۔
- کمپنی کی ساکھ، ماضی کی مالیاتی صورتحال یا پھردرخواست کردہ ادائیگی کی شرائط کے حوالے سے خبردار رہیں
- ایک تحریری معاہدہ کی ضرورت ہے کہ جو:
    - شراکتداروں کو ہمارے ضابطہ اخلاق میں موجود پالیسیوں اور اصول وضوابط کا پابند بنائے۔
    - انسدادِاجارہ داری، انسدادِ ررشوت خوری اور جدید غلامی کے حوالے سے موجود قوانین پر سختی سے پابندی کروائے
    - ذاتی ڈیٹا کے جمع اور استعمال کو محدود رکھے
    - رازداری اور افشا نہ کرنے کی سخت شرائط موجود ہوں
    - Iron Mountain کو آڈٹ اور برخاستگی کے مناسب حقوق فراہم کرے

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو ہمارے کاروباری شراکتداروں پر لاگو ہونے والے معیاروں اور ہماری توقعات کے بارے میں سوالات پوچھنے ہیں تو اپنے مینجر یا پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ سے بات کریں یا ہمارے سپلائرز کے ضابطہ اخلاق کا جائزہ لیں۔

# ہماری برانڈ اور ساکھ کا تحفظ کرنا

**دیانتداری سے عمل** کرنے کی ہماری قدر کے ساتھ زندہ رہنے کا مطلب ہے ہمارے تمام اسٹاک ہولڈرز کو Iron Mountain کے بارے میں دیانتدارانہ اور حقیقی معلومات کی فراہمی۔ سچائی پر مبنی اور قابلِ بھروسہ ابلاغ کے ذریعے ہی ہمارے صارفین اور عام لوگ ہم پر اعتماد کرتے ہیں اوران کو ہماری جانب سے جاری کردہ دستاویزات پر بھروسہ ہے۔ لہٰذا یہ بہت ضروری ہے کہ جب ہم کمپنی کی جانب سے ابلاغ کررہے ہوں تو ہم مثبت اور یکساں انداز میں بات کریں۔





## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

ہمیں کمپنی کی جانب سے کبھی بھی اس قت تک بات نہیں کرنی چاہیئے جب تک کہ ہمیں باضابطہ طور پر اس کے لیے نامزد نہ کیا گیا ہو۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

- تمام سرمایہ کاروں ، تجزیہ کاروں یا میڈیا کو مہذب انداز میں ہماری کارپوریٹ کمیونی کیشنز یا انویسٹر ریلیشنز سے رابطہ کرنے کو کہیں۔
- صیغہ راز میں موجود معلومات کو کبھی بھی ظاہر نہ کریں
- ہماری برانڈ یا لوگو کو کبھی بھی غلط استعمال مت کریں
- یہ تاثر دینے سے گریز کریں کہ ہماری ذاتی رائے در اصل Iron Mountain کا باضابطہ موقف ہے۔

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کوہماری برانڈ اور ساکھ کے تحفظ کے بارے میں سوالات کرنے ہیں تو مینجر، ہماری کارپوریٹ کمیونی کیشنز ٹیم یا ہماری انویسٹر ریلیشنز ٹیم سے بات کریں۔

# کام کی جگہ کے اندر
# اور باہر کی سیاست

ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ایک طاقتور سیاسی عمل کے ذریعے ہی ایک انصاف پر مبنی اور زیادہ زرخیز معاشرہ وجود میں آتا ہے۔ ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ تمام افراد کو اپنے اعتقادات کے اظہار اور شہری معاملات میں شرکت کا حق حاصل ہے، تاہم جب ہم کام کی جگہ پرہوں تو وہاں اپنے ذاتی سیاسی مقاصد اور اعتقادات کے بارے میں بات کرتے ہوئے محتاط رہیں اور سب کا خیال رکھیں۔






## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

سیاسی عمل میں فعال کردار ادا کرنے سے ہم ان کمیونٹیز میں مثبت تبدیلیاں لا سکتے ہیں جہاں ہم رہتے اور کام کرتے ہیں، تاہم اس سلسلے میں ہمیں بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے کہ ہم اپنی ذاتی سیاست کو کام کی جگہ پر مت لائیں۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم :**

- کمپنی کے وسائل بشمول کام کے اوقات اور Iron Mountain کے فنڈز کو ذاتی سیاسی مقاصد اور اعتقاد کے لیے استعمال مت کریں
- اس بات کی یقین دہانی کے لیے اقدامات اٹھائیں کہ (حتیٰ کہ کام سے باہر کی سرگرمیوں میں بھی)کہ ذاتی سیاسی اعتقادات کو کمپنی کے باضابطہ اعتقادات نہ سمجھا جائے
- کام کے دوران نہ تو سیاسی مہم چلائیں اور نہ ہی فنڈز جمع کریں اور نہ ہی سیاسی مقاصد یا امیدواروں کے ساتھ شامل ہوں
- اگر کوئی شخص Iron Mountain کے نام کو ذاتی سیاست کے لیے استعمال کر رہاہے تو اس کے بارے میں بولیں
- سیاسی تقاریب میں شرکت کرتے وقت Iron Mountain کی برانڈ والے ملبوسات پہننے سے گریز کریں
- سیاسی مقصد یا امیدوار کو چندہ دیتے ہوئے رابطے کی ذاتی معلومات (Iron Mountain کی نہیں) استعمال کریں

### مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو سیاست اور حکومتی معاملات میں شرکت کرنے کے حوالے سوالات کرنے ہیں تو اپنے مینجر سے بات کریں اور ہماری سیاست میں شمولیت کی پالیسی کا جائزہ لیں۔

# اندرونی تجارت
# کی ممانعت

ایک ملازم کے طور پر اس بات کا امکان موجود ہے کہ ہماری رسائی اس طرح کی معلومات تک بھی ہو کہ جس کو Iron Mountain اور دیگر کمپنیوں کی جانب سے سرمایہ کاری کے فیصلوں پر اثرانداز ہونے کے لیے استعمال کیا جاسکتاہو۔ ہماری قدر **ذاتی تحفظ اور حفاظت** کا مطلب ہے کہ ہمیں مواد کو تحفظ فراہم کرنے، غیرعوامی معلومات اور اندرونی معلومات میں بہت زیادہ احتیاط برتیں، ذاتی فائدہ کے لیے استعمال سے گریز کریں اور دوسرے افراد کوبھی دینے سے گریز کریں جو ان کو ذاتی فائدہ کے لیے استعمال کرسکتےہوں۔

## ہم کس طرح جوابدہ ہیں

اندرونی تجارت سے سرمایہ کاروں اور منڈی میں ہمارے اعتماد کو ٹھیس پہنچے گی

**ان طریقوں سے اندرونی معلومات کو غلط استعمال سے روکیں**

- صرف ان لوگوں کو فراہم کریں جن کو اس کی ضرورت ہو
- اپنے دوستوں یا خاندان والوں کو اس کے بارے میں مت بتائیں
- عوامی مقامات یا سماجی میڈیا پر اس کے بارے میں کبھی بھی بات مت کریں
- اس کو محفوظ رکھیں، چاہے اس کے لیے درازوں یا دفتر کے دروازوں کومقفل کرنا پڑے یا لیپ ٹاپس اور موبائل آلات کو محفوظ رکھنا پڑے۔



## اندرونی معلومات میں شامل ہے:

- ادغام اور حصول کے منصوبے
- امکانی آمدنی اور نقصانات
- نمایاں مصنوعات اور خدمات کا جاری کرنا
- ایگزیکٹو لیڈرشپ کی تبدیلیاں
- بڑے پیمانےپر کارپوریٹ میں تنظیم نو
- نمایاں مقدمے یا قانونی سمجھوتے
- ڈیویڈنٹ یا ٹیکسزحکمتِ عملی میں تبدیلیاں

## مزید معلومات کے لیے:

اگر آپ کو اندرونی تجارت کے بارے میں سوالات کرنے ہیں تو لیگل ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں اور ہماری اندرونی تجارتی پالیسی کا جائزہ لیں۔



# دی IRON MOUNTAIN ایتھکس لائن

آپ Iron Mountain کی ایتھکس لائن پر دن کے 24 گھنٹے اور سال کے 365 دن رابطہ کرکے اخلاقی خدشات یا خلاف ورزیوں کی اطلاع فراہم کرسکتے ہیں اور سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ دی ایتھکس لائن کو ایک آزاد کمپنی کی جانب سے چلایا جاتا ہےاور (جہاں قانونی اجازت ہو) آپ مکمل گمنام رہنے کا بھی انتخاب کرسکتے ہیں

## ٹیلی فون کے ذریعے اطلاع:

آئندہ صفحات میں اپنے ملک اور فہرست میں موجود فراہم کنندہ کے نمبر پر کال کریں۔ (اگر آپ کو فہرست میں موجود ایتھکس لائن کے نمبرکو استعمال کرنے میں دقت کا سامنا ہورہا ہے تو، براہِ مہربانی پر نمبر کی تصدیق کریں۔)

## آن لائن طریقے سے اطلاع:

یہاں پر وزٹ کرکے اطلاع کروائیں **www.IMEthicsLine.com** ۔

| | |
|---|---|
| ارجنٹینا | +0 800 333 0095 |
| ارجنٹینا | +00 008 1777 9999 |
| آرمینیا | +1 720 514 4400 |
| آسٹریلیا | +0011 008 1777 9999 |
| آسٹریا | +1 800 763 983 |
| آسٹریا | +800 281119 |
| بیلاروس | +8 820 0011 404 |
| بیلجیئم | |
| بیلجیئم (کوم جین برسلز) | +00 800 1777 999 |
| برازیل | +0800 892 2299 |
| برازیل | +0021 800 1777 999 |
| برازیل (ریئوڈی جینیرو) | +55 212018 1111 |
| بلغاریہ | +0800 46038 |
| کینڈا | +800 461 9330 |
| کینڈا | +1 800 235 6302 |
| چلی | +1230 020 3559 |
| چلی- تمام کیریئرز | +400 120 3062 |
| چین- صرف ٹیلی کام اور یونی کام | +00 008 1777 9999 |
| کولمبیا | +844 397 3235 |
| کولمبیا (بگوٹا) | +57 13816523 |
| کروشیا | +0800 806 520 |
| قبرص | +8009 4544 |
| چیک ری پبلک | +800 701 383 |
| ڈین مارک | +8082 0058 |
| ڈین مارک | +00 008 1777 9999 |
| دوبئی | +8000 3570 3169 |
| اسٹونیا | +800 0100 431 |
| فن لینڈ | +0800 07 635 |
| فن لینڈ (سونیرا) | +00 008 1777 9999 |
| فرانس | +805 080339 |
| فرانس (بشمول انڈورا، کروسیکا، موناکو) | +00 008 1777 9999 |
| جرمنی | +0800 181 2396 |
| جرمنی (ڈیوچے بندیس پوسٹ ٹیلی کام) | +00 008 1777 9999 |
| یونان | +00800 1809 202 5606 |
| ہانگ کانگ (تمام کیریئرز) | +800 906 069 |
| ہانگ کانگ (سی ڈبلیو) | +00 008 1777 9999 |
| ہنگری (تمام کیریئرز) | +36 212111440 |
| ہنگری | +00 008 1777 9999 |
| بھارت (وی ایس این ایل) | +000 800 100 3428 |
| بھارت (تمام کیریئرز) | +000 800 100 4175 |
| بھارت (کولکتہ) | +91 337 1279005 |
| انڈونیشیا | +803 105 203 5129 |
| انڈونیشیا (جکارتا) | +62 21 50851420 |
| آئرلینڈ (تمام کیریئرز) | +1800 904 177 |





| | |
|---|---|
| آئرلینڈ (ٹیلی کام ایریئن) | +00 008 1777 9999 |
| قازقستان | +8 800 333 3511 |
| لیٹویا | +8000 4721 |
| لیتھوانیا | +8 800 30451 |
| ملیشیا | +60 0 1548770383 |
| ملیشیا (ملیشیا ٹیلی کام) | +00 008 1777 9999 |
| میکسیکو (تمام کیریئرز) | +800 681 6945 |
| میکسیکو (ٹیلی میکس) | +001 866 376 0139 |
| نیدرلینڈز(تمام کیریئرز) | +00 800 022 0441 |
| نیدرلینڈز (ٹیلی کام نیدرلینڈز) | +00 008 1777 9999 |
| نیوزی لینڈ (تمام کیریئرز) | +800 002 341 |
| نیوزی لینڈ (ٹیلی کام) | +00 008 1777 9999 |
| ناروے (تمام کیریئرز) | +0800 24 664 |
| ناروے (ٹیلی نارنیٹ) | +00 008 1777 9999 |
| پیرو | +0800 78323 |
| فلپینز (منیلا- تمام کیئریز) | +63 8626 3049 |
| فلپینز (پی ایل ڈی ٹی) | +00 008 1777 9999 |
| پولینڈ (تمام کیئریرز) | +00 800 141 0213 |
| پولینڈ (پولش ٹیلی کام) | 3819 111 800 00+ |
| رومینیا | +0 800 360 228 |
| روس | +8 800 100 9615 |
| سربیا | +0800 190 167 |
| سنگاپور (تمام کیریئرز) | +008 852 3912 |
| سنگاپور (سنگاپور ٹیلی کام) | +001 008 1777 9999 |
| سلویکیا | +0 800 002 487 |
| جنوبی افریقا (جوہانسبرگ – تمام کیریئرز) | +27 105004106 |
| جنوبی افریقا (پوسٹس اینڈ ٹیلی کام) | +001 008 1777 9999 |
| جنوبی کوریا (تمام کیریئرز) | +080 808 0574 |
| جنوبی کوریا (ڈے کام) | +002 008 1777 9999 |
| اسپین | +900 905460 |
| اسپین (بشمول کینری آئلینڈ) – ٹیلی فونیکا | +001 008 1777 9999 |
| سوئیڈن | +020 889 823 |
| سوئیڈن (ٹیلیا ٹیلی کام اے بی) | +00 008 1777 9999 |
| سوئزلینڈ | +0800 838 835 |
| سوئزلینڈ (بشمول لختینسٹائن) | +00 008 1777 9999 |
| تائیوان (تمام کیریئرز) | +00801 14 7064 |
| تائیوان (چونگھورا ٹیلی کام) | +00 008 1777 9999 |
| تھائی لینڈ (تمام کیریئرز) | +1 800 012 657 |
| تھائی لینڈ (مشترکہ خودمختیاری برائے تھائی لینڈ) | +001 008 1777 9999 |
| ترکی | +90 850 390 2109 |
| یوکرین | +0 800 501134 |
| برطانیہ | +0 808 189 1053 |
| ریاستہائے متحدہ امریکہ | +800 461 9330 |
| ریاستہائے متحدہ امریکہ | +1 503 726 2429 |

تمام دیگر ممالک کے لیے براہ مہربانی دیکھیں www.IMEthicsLine.com




ضابطہ اخلاق اور کاروباری ضابطہ

IRON MOUNTAIN®

One Federal Street
Boston, MA 02110
+1.800.899.4766

**ironmountain.com**